سیکیورٹی کونسل کے سیکرٹریز / قومی سلامتی کے مشیران برائے بھارت–وسطی ایشیا کی تیسری ملاقات (اکتوبر 16، 2025)

اکتوبر 16، 2025

3ویں بھارت–وسطیٰ ایشیا ملاقات برائے سیکیورٹی کونسل سیکرٹریز / قومی سلامتی مشیران کی مورخہ 16 اکتوبر، 2025 کو بشکیک، جمہوریہ کرغز میں منعقد ہوئی. جس میں این ایس اے جناب اجیت ڈوبھال نے جمہوریہ قزاقستان، جمہوریہ کرغز اور جمہوریہ ازبیکستان کے سیکرٹریز / قومی سلامتی کے مشیروں کے ساتھ اس اجلاس میں شرکت کی. وہیں جمہوریہ تاجکستان کی نمائندگی سیکیورٹی کونسل کے نائب سیکرٹری نے کی.

2. اس اجلاس کے دوران، سیکیورٹی کونسل کے سیکرٹریز/ قومی سلامتی کے مشیروں نے سلامتی کے چیلنجز کی بدلتی نوعیت کے پیش نظر باقاعدہ مذاکرات کی اہمیت پر زور دیا. انہوں نے دہشت گردی، انتہا پسندی، بنیاد پرستی اور منشیات کی اسمگلنگ کے خلاف اقدامات کے تعلق سے باہمی تعاون کو فروغ دینے کے طریقوں پر بات چیت کی. سیکرٹریز/ قومی سلامتی کے مشیروں نے خطے کے لیے افغانستان میں سلامتی اور استحکام کی اہمیت پر زور دیا. انہوں نے افغانستان کے ساتھ مل کر سلامتی کے چیلنجز کا حل، اور رابطہ کاری و اقتصادی ترقی کے شعبوں میں قریبی تعاون پر اتفاق کیا، جو طویل مدتی استحکام کی بنیاد بن سکتے ہیں. وہ لوگ بھارت اور وسطی ایشیائی ممالک کے درمیان زیادہ سے زیادہ رابطہ کاری کو ترجیح دینے پر بھی متفق ہوئے. ڈیجیٹل رابطہ کاری اور انفراسٹرکچر، مصنوعی ذہانت اور دیگر ابھرتی ہوئی ٹیکنالوجیز، اور خلائی شعبے میں باہمی تعاون کو فروغ دینے کے لیے سیکرٹریز/ قومی سلامتی کے مشیروں نے اس فارمیٹ کے تحت باہمی تعاون کے دائرہ کار کو وسیع کرنے پر بھی اتفاق کیا.

3. این ایس اے نے وسطی ایشیائی ممالک کے سیکیورٹی کونسل کے سیکرٹریز کے ہمراہ جمہوریہ کرغز کے صدر معزز جناب صدیّر نورگوجوویچ ژاپاروف سے ملاقات کی. این ایس اے نے جمہوریہ قزاقستان، جمہوریہ کرغز اور جمہوریہ ازبکستان کے سیکیورٹی کونسل کے سیکرٹریز کے ساتھ باہمی ملاقاتیں بھی کیں.

4. سیکیورٹی کونسل کے سیکرٹریز/ قومی سلامتی کے مشیروں کی 3ویں ملاقات پہلے بھارت–وسطیٰ ایشیا سربراہی اجلاس کے دوران مورخہ 27 جنوری، 2022 کو حاصل ہوئے اتفاق رائے کی بنیاد پر منعقد ہوئی، جس میں سیکیورٹی کونسل کے سیکرٹریز/ قومی سلامتی کے مشیروں کی سطح پر باقاعدہ ملاقاتیں کرنے پر اتفاق کیا گیا تھا. اس فارمیٹ میں پہلی ملاقات 06 دسمبر 2022 کو نئی دہلی، بھارت میں منعقد ہوئی جبکہ دوسری ملاقات 23 اکتوبر، 2023 کو آستانا، قزاقستان میں ہوئی. تیسری ملاقات بھی نئی دہلی میں 06 جون، 2025 کو ہونے والے کامیاب 4ویں بھارت–وسطیٰ ایشیا وزرائے خارجہ اجلاس کے پس منظر میں منعقد ہوئی.

بشکیک
اکتوبر 16، 2025